© rasailojaraid.com

یہ کتاب حضرتِ مرحوم کے ہی حالات پر ہے مولانا ابوالحسن علی ندوی کا نام اس کتاب کے استناد کا ضامن ہے عام طور پر صوفیاء اسلام کے تذکروں میں جن خارق العادات واقعات کا ذکر ہوتا ہے اس کتاب میں ان سے بہت کم اعتنار کیا گیا ہے اور مولانا کے علم و عمل سے متعلق جو اصل واقعات ہیں اُنھیں پر اکتفا کیا گیا ہے اس حیثیت سے یہ تذکرہ جہاں ارباب معرفت کے دلوں میں نور پیدا کرنے کا باعث ہوگا تاریخی اعتبار سے بھی علماء اور طلباء کے لئے بڑی قابلِ قدر چیز ہے، اس کتاب کا مطالعہ ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق ہوگا۔

برگِ گل تقطیع متوسط۔ ضخامت ۳۰۹ صفحات۔ طباعت و کتابت دیدہ زیب (ٹائپ) قیمت ندارد۔ پتہ: اُردو کالج کراچی (پاکستان)

اُردو کالج کراچی کا مجلہ بابت ۵۶-۱۹۵۵ء برگِ گل کے نام سے ہماری نظروں کے سامنے ہے۔ یہ مجلہ اسم بامسمیٰ اور ہر لحاظ سے مجلس ادارت کے حسنِ ذوق کا آئینہ دار نیز کالج کے اساتذہ طلبہ و طالبات کی علمی و ادبی دلچسپیوں کا خوشنما مرقع ہے۔ سبد گل، زر گل، برگ سبز، آتش گل، رنگ بوستاں یہ عنوانات ہیں مجلہ کے مختلف حصّوں کے جن میں بلند پایہ علمی و ادبی مقالات، غزلیات، منظومات اور افسانے الگ الگ ترتیب دیے گئے ہیں۔ "رنگ بوستاں" کالج کی مختلف انجمنوں کی روئدادوں پر مشتمل ہے اور اخیر میں "طائرانِ چمن" کی تصویریں ان کی علمی و عملی زندگی کے گوناگوں پہلوؤں کو ظاہر کر رہی ہیں۔ بحیثیت مجموعی یہ مجلہ بڑا ہی وقیع ہے اور ارکینِ ادارہ لائقِ مبارک باد ہیں کہ نہ صرف معنوی بلکہ ظاہری خوبیوں کے لحاظ سے بھی انھوں نے مجلہ کو باغ و بہار بنا کر پیش کیا ہے۔

رہنمائے قرآن

اسلام اور پیغمبر اسلام صلعم کے پیغام کی صداقت کو سمجھنے کے لئے اپنے رنگ کی یہ بالکل جدید کتاب ہے جو خاص طور پر غیر مسلم یوربین اور انگریزی تعلیم یافتہ اصحاب کے لئے لکھی گئی ہے۔ مؤلف نواب نظامت جنگ مرحوم مترجم ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب جدید ایڈیشن۔ قیمت ایک روپیہ۔

© rasailojaraid.com